## جیوٹی وی کل بروز بدھ صبح 8 بجکر 15 منٹ پر پروگرام ''صبح سے جیو'' میں
## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا خصوصی انٹرویو نشر کرے گا
## جناب الطاف حسین کا یہ انٹرویو پاکستان کے علاوہ خلیجی ممالک، ایشیاء امریکہ، برطانیہ اور یورپی ممالک میں بھی نشر کیا جائے گا

لندن۔۔۔7 اگست 2007ء

جیوٹی وی کل بروز بدھ اپنے خصوصی پروگرام ''صبح سے جیو'' میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا خصوصی انٹرویو نشر کرے گا۔ جناب الطاف حسین کا یہ انٹرویو پروگرام کے میزبان اور معروف صحافی اور اینکر انیق ناجی نے گزشتہ ہفتہ لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں لیا تھا۔ جناب الطاف حسین کا یہ انٹرویو جیوٹی وی کے پروگرام ''صبح سے جیو'' میں پاکستان وقت کے مطابق صبح 8 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوگا۔ جناب الطاف حسین کا یہ انٹرویو پاکستان کے علاوہ خلیجی ممالک، ایشیاء امریکہ، برطانیہ اور یورپی ممالک میں بھی نشر کیا جائے گا۔ برطانیہ اور یورپ میں یہ انٹرویو برطانوی وقت کے مطابق بدھ کو دن کے 11 بجے نشر کیا جائے گا۔

## انقلاب محلوں اور جاگیرداروں کی جاگیروں سے جنم نہیں لیتے
## بلکہ ناانصافیوں کا شکار عوام متحد ہوکر انقلاب لایا کرتے ہیں، الطاف حسین
## روس اور امریکہ کی جنگ کو کفر اور اسلام کی جنگ بنا کر پیش کرنے کا نتیجہ ملک بھر کے عوام بھگت رہے ہیں
## پنجاب کے ذمہ داران خود کو فکری اور نظریاتی بنیادوں پر مستحکم بنائیں
## نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران سے گفتگو

لندن۔۔۔7، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انقلاب بادشاہوں کے محلوں، جاگیرداروں کی جاگیروں اور سرمایہ داروں کی فیکٹریوں سے جنم نہیں لیا کرتے بلکہ مصائب ومشکلات اور ناانصافیوں کا شکار غریب ومتوسط طبقہ کے عوام متحد ہوکر انقلاب لایا کرتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز اپنی رہائش گاہ واقع عزیز آباد میں صوبہ پنجاب سے آنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی جو ان دنوں تنظیمی دورے پر کراچی آئے ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انسانی تاریخ میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی کہ کسی ارب کھرب پتی فرد نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے کوئی انقلابی تحریک چلائی ہو اور ان کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کی ہو۔ انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ ذہنیت رکھنے والوں سے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کی امید نہیں رکھنا چاہئے کیونکہ جولوگ پرآسائش اور پرتعیش زندگی گزارنے کے عادی ہوں وہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کو سمجھ ہی نہیں سکتے۔ جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انقلاب بادشاہوں کے محلوں، جاگیرداروں کی جاگیروں اور سرمایہ داروں کی فیکٹریوں سے جنم نہیں لیا کرتے بلکہ مصائب ومشکلات اور ناانصافیوں کا شکار غریب ومتوسط طبقہ کے عوام متحد ہوکر انقلاب لایا کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ذہنی ونظریاتی طور پر علمی معلومات سے مسلح ہونا چاہئے تاکہ وہ 21ویں صدی کے دور میں دنیا بھر میں رائج حکومتی طریقہ کار سے واقف ہوسکیں اور نظریاتی بنیادوں پر اپنا پیغام پھیلا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان فکری ونظریاتی بنیادوں پر خود کو اس طرح مضبوط بنائیں کہ وہ تحریک کے خلاف کی جانے والی سازشوں اور اس کے پس پردہ مقاصد سے آگاہ ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ ایم کیوایم کے پرانے ساتھی نظریاتی بنیادوں پر اتنے مستحکم ہوچکے ہیں کہ وہ ایم کیوایم کے خلاف کسی بھی سازشی واقعہ کو سن کر ہی اندازہ لگا لیتے ہیں کہ ایم کیوایم کے خلاف کیا کھیل ہورہا ہے اور اس کھیل کے پیچھے کون ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں اسٹیبلشمنٹ کا طریقہ واردات ایک ہی طرح کا ہوتا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کسی بھی واقعہ سے قبل گراؤنڈ ورک تیار کرتی ہے، طے شدہ پروگرام کے تحت میڈیا، نام نہاد دانشوروں اور صحافیوں کو خریدا جاتا ہے تاکہ ادھر کوئی واقعہ رونما ہو اور فوری طور پر عوام کا ذہن بنانے کیلئے اس واقعہ کا الزام کسی گروپ یا جماعت پر عائد کردیا جائے تاکہ اصل مجرمان کی جانب کسی کا دھیان نہ جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ 12، مئی کا واقعہ بھی اسٹیبلشمنٹ کا طے شدہ منصوبہ تھا جس کا الزام بھی ایک سازش کے تحت ایم کیوایم پر عائد کردیا گیا تاکہ اصل مجرمان تک عوام کا دھیان نہ جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ قصبہ علیگڑھ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ 14، دسمبر 1986ء کو سانحہ قصبہ علیگڑھ رونما ہوا اس دن قصبہ کالونی کی پہاڑیوں سے جہاں

پختونوں کی آبادی ہے وہاں سے مسلح افراد اترے جس کی وڈیوفلم موجود ہے۔ مسلح افراد کے ذریعے اردو بولنے والوں پرحملہ کرانے کا مقصد لسانی فسادات کرانا تھا۔اس دوران مسلح دہشت گردوں نے چھ گھنٹے تک اردو بولنے والے بزرگوں،نوجوانوں،خواتین اوربچوں کوگاجرمولی کی طرح کاٹا،ان کے گھروں میں لوٹ مار کی،گھروں کونذرآتش کیا اوربچیوں کی عصمت دری کر کے انہیں قتل کردیا۔مسلح دہشت گرد چھ گھنٹے تک کشت وخون کرتے رہےلیکن قانون نافذ کرنے والےادارےاس پورے عرصے میں غائب رہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ قصبہ علیگڑھ میں جگہ جگہ فوج کی چوکیاں قائم تھیں لیکن آپ کو یہ سن کرتعجب ہوگا کہ اس سانحہ سے قبل راتوں رات تمام چوکیوں کوخالی کردیا گیااورفوج کو واپس بلالیا گیا۔انہوں نے کہا کہ جب قصبہ علیگڑھ اور دیگرمہاجربستوں میں مسلح حملے کئے جانے لگےتو میں نےعوام سے کہا کہ یہ فرج اور ٹیلی ویژن آپ کی حفاظت نہیں کریں گےاورنہ ہی کوئی حکومتی ادارہ آپ کوتحفظ فراہم کرے گا۔لہٰذا آپ کواسلامی تعلیمات اوراقوام متحدہ کے چارٹر کےتحت اپناحق دفاع استعمال کرنا ہوگا اوراسلحہ کا لائسنس بنواکر اپنی حفاظت خودکرنی ہوگی تو میری اس بات پرعوام کوگمراہ کرنے کیلئے کہا گیا کہ الطاف حسین نے ٹی وی اوروی سی آر بیچ کراسلحہ خریدنے کا درس دیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب اردو بولنے والوں نے لائسنس یافتہ اسلحہ رکھنا شروع کیا اور پی پی آئی کے دہشت گردوں کےحملوں سے اپنا بچاؤ کرنا شروع کیا تو جاں بحق ہونے والوں میں پختونوں اور پنجابیوں کے ساتھ ساتھ اپنا دفاع کرنے والےمہاجربھی شامل تھے جوکہ کراچی میں دفنائے گئے جبکہ حملہ آور پنجابی اور پختونوں کی لاشیں پنجاب اورسرحد پہنچیں تو ملک بھر میں یہ تاثر دیا گیا کہ ایم کیوایم کی جانب سے کراچی میں پنجابیوں اور پختونوں کوقتل کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں لندن میں اپوزیشن جماعتوں کی کانفرنس میں کسی بھی نکتہ پراتفاق نہیں ہوسکالیکن ایم کیوایم کے خلاف یہ تمام جماعتیں متفق تھیں کیونکہ ایم کیوایم پاکستان میں قائم اسٹیٹس کو،کوتوڑنا چاہتی ہےاور یہ جماعتیں اسٹیٹس کو،کو برقرار رکھنا چاہتی ہیں جوکہ ملک کی سلامتی کے خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ جب ایم کیوایم نے کہا کہ امریکہ اورروس کی جنگ کواسلام کی جنگ نہ بنایا جائے تو میرے خلاف یہ پروپیگنڈہ شروع کردیا گیا کہ الطاف حسین روسی ایجنٹ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ روس اورامریکہ کی جنگ کوکفر اوراسلام کی جنگ بنا کرپیش کیا گیا جس کا نتیجہ آج تک ملک بھر کےعوام بھگت رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ بنیادی بات یہ ہے کہ اگر الطاف حسین بھی دیگر سیاستدانوں کی طرح رولنگ ایلیٹ کا حصہ اور ایجنسیوں کا ایجنٹ ہوتا تو ایم کیوایم کے خلاف اس قسم کی سازشیں نہیں ہوتیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کا واحد جرم یہ ہے کہ اس نے چھوٹے سے گھر سے ایک عوامی تحریک کا آغاز کیااورٹیوشن پڑھاپڑھا کرسائیکل اورموٹرسائیکل پرتحریکی امورانجام دیئے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے 1988ء سے ہی صوبہ پنجاب،صوبہ بلوچستان اورصوبہ سرحد میں متحدہ قومی موومنٹ کا کام شروع کردیا تھااور 14،اگست 1992ءکومتحدہ قومی موومنٹ کا باقاعدہ اعلان کرنے والے تھے کہ اس سے قبل ہی ایم کیوایم کے خلاف فوجی آپریشن شروع کردیا گیااورایم کیوایم کےخلاف ملک بھر میں خصوصاً پنجاب میں منفی پروپیگنڈہ کر کےعوام کوگمراہ کیا گیا جس کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران پرزوردیا کہ وہ خودکوفکری اورنظریاتی بنیادوں پر مستحکم بنائیں اور پنجاب میں ایم کیوایم کا پیغام پھیلانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کارلائیں۔

## رکن سندھ اسمبلی ارشدشاہ کے بڑے بھائی کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔7،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ارشدشاہ کے بڑے بھائی اجمل الرحمان کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ارشدشاہ سمیت مرحوم کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کےتمام کارکنان سوگوارلواحقین کےغم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## رکن سندھ اسمبلی ارشد شاہ کے بڑے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ارشد شاہ کے بڑے بھائی اجمل الرحمان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام سے باطل قوتیں پریشان ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار
## 12 مئی کو ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازش تیار کی گئی تھی جسے الطاف حسین نے ناکام بنادیا، سردار خان
## پی پی او سی کی آرگنائزنگ کمیٹی میں مزید چار اراکین کا اضافے کا اعلان
## ایم کیوایم کے مرکز عزیز آباد کراچی میں پی پی او سی کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔7، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی میں مزید چار اراکین کا اضافہ کردیا ہے۔ پی پی او سی میں ذمہ داران کے اضافے کا اعلان پیر کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کے رابطہ کمیٹی اور پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ایک اجلاس کیا گیا۔ پی پی او سی کی آرگنائزنگ کمیٹی میں شامل کیے گئے نئے ذمہ داران میں عمران بٹ، الیاس بابر، نور محمد اور محمد اعجاز شامل ہیں۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی، پی پی او سی کے انچارج سردار خان، کمیٹی کے دیگر اراکین، تنظیمی دورے پر کراچی آنے والے ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران کے علاوہ پختون، سرائیکی، پنجابی، گلگتی اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں شعوری بیداری کی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام سے باطل قوتیں شدید پریشانی کا شکار ہیں اور ایم کیوایم کے خلاف دن رات سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران تمام تر مصائب ومشکلات اور منفی پروپگنڈوں کے باوجود پنجاب میں حق پرستی کا پیغام پھیلا رہے ہیں جس پر وہ زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی پی او سی کے ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ ملک میں اتحاد ویکجہتی اور بھائی چارے کی فضاء کیلئے مزید محنت ولگن سے کام کریں اور حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔قبل ازیں پی پی او سی کے انچارج سردار خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 مئی کو متحدہ قومی موومنٹ کیخلاف ہونیوالی سازش بے نقاب ہوچکی ہے اور ملک بھر کی تمام قومیتوں کے عوام جان چکے ہیں کہ 12 مئی کو کراچی میں لسانی فسادات کی سازش کی گئی تھی جسے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنی سیاسی بصیرت اور فہم وفراست سے ناکام بنادیا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست پختون، پنجابی اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے غریب عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوچکے ہیں اور وہ کسی بھی سازشی عناصر کے گمراہ کن پروپیگنڈوں کا ہرگز شکار نہیں ہونگے۔اس موقع پر 12 مئی کے شہیداء سمیت ایم کیوایم کے تمام شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ان کے بلند درجات کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔

## ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران نے ایم کیوایم کے شہداء اور الطاف حسین کے والدین کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔7، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے ذمہ داران نے پیر کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ پاپوش نگر اور قبرستان عزیز آباد کے قبرستانوں کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے جناب الطاف حسین کے والدین، بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کا نوٹس لیا جائے، متحدہ کلچرل اینڈ لٹریری فورم

کراچی۔۔۔7، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کلچرل اینڈ لٹریری فورم کے اراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت برطانیہ سے اپیل کی ہے کہ جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کا نوٹس لیا جائے اور جناب الطاف حسین کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کیے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی اور مذموم سازش پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے خلاف سازش ہے جسے حق پرست کارکنان وعوام کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر سازشی عناصر کی جانب سے جناب الطاف حسین کی سلامتی کو زرہ برابر بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو سازشی عناصر کو بھیانک انجام کا سامنا کرنا پڑے گا۔

## رکن سندھ اسمبلی ارشد شاہ کے بڑے بھائی اجمل الرحمٰن انتقال کر گئے، صدیق آباد کے قبرستان میں تدفین
## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندگان اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت
## سوئم بدھ کو بعد باب الاسلام مسجد نارتھ کراچی سیکٹر 9 میں ہوگا

کراچی۔۔۔7، اگست 2007ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی اور اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے رکن ارشد شاہ کے بڑے بھائی اجمل الرحمٰن انتقال کر گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحوم شادی شدہ تھے اور ان کی عمر 55 سال تھی۔ مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، والدہ، 4، بھائی اور ایک بیٹا شامل ہیں۔ اجمل الرحمٰن مرحوم کو آج صدیق آباد نیو کراچی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ باب الاسلام مسجد سیکٹر نارتھ کراچی میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، وفاقی وزیر شمیم صدیقی، صوبائی وزیر قمر منصور، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی عبدالقدوس، خالد بن ولایت، عباس جعفری، حق پرست ٹاؤن ناظم حنیف سورتی، یوسی ناظمین، کونسلرز، اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے رکن عابد چوہان، ایم کیو ایم نیو کراچی، نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، اے پی ایم ایس او کے کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء اجمل الرحمٰن مرحوم کا سوئم کل بروز بدھ کو بعد نماز عصر باب الاسلام مسجد نارتھ کراچی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆